| NARRATION | TIME |
|---|---|
| لبرے آفس رائٹر میں ڈاکیومینٹ میں تدوین یعنی editing کرتے وقت ٹریک میں تبدیلی ' کے ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوئل میں، میں سمجھاوگا، کہ لبرے آفس رائٹر میں ڈاکیومینٹ کا پیپر ریویو (ہم مرتبہ کا جائزہ) کس طرح کیا جاسکتا ہے. | 00:09 |
| ہم ایک موجود ڈاکیومینٹ کو کھولیں گے یہ سمجھانے کے لئے، کہ 'Record Changes' کا استعمال کرتے ہوئے ڈاکیومینٹ مدون یعنی edit اور پیر ریویو کیسے کریں. | 00:16 |
| اس خصوصیت کے استعمال کا فائدہ یہ ہے، کہ مبصرین موجود ٹیکسٹ ڈاکیومینٹ میں ٹیکسٹ کا اضافہ کرسکتا ہے، تبصرہ کرسکتا ہے، ڈلیٹ کرسکتا ہے، یا تبدیلی کرسکتا ہے جو کہ اسی طرح ڈاکیومینٹ میں واضح دکھائی دیتا ہے. | 00:26 |
| یہ مصنف کی طرف سے آسانی سے دیکھا جاسکتا ہے، جو ان تبدیلیوں کو قبول اور مسترد کرسکتا ہے یا اپنے مضمون میں تبدیلی کئے بغیر ان editing کے تبصریوں کو شامل کرسکتا ہے. | 00:40 |
| اور جب فائل سیو ہو جاتی ہے تبصرے شامل ہو جاتے ہیں. | 00:53 |
| لہذا سیکھتے ہیں، کہ یہ سب کیسے کریں. | 00:57 |
| یہاں ہم آپ کے آپریٹنگ سسٹم کے طور پر ابنٹو لینکس 10.04 اور لبرے آفس سوٹ ورژن 3.3.4 استعمال کررہے ہیں. | 01:02 |
| اس ٹیوٹوریل میں، میں کچھ ڈاکیومینٹس استعمال کررہا ہوں، جو میں نے پہلے ہی بنائے ہیں، اور میرے سسٹم میں سیو کیے ہیں . جیسے کہ - | 01:10 |
| Seven-reasons-to-adopt-FOSS.odt، Government-support-for-FOSS-in-India.odt | 01:16 |
| رائٹر میں شروعات کے لئے Applications - Office اور LibreOffice Writer پر کلک کریں. | 01:24 |
| Seven-reasons-to-adopt-FOSS.odt کو کھولیں. | 01:34 |
| 'record changes' آپشن کو سیٹ کرنے کے لئے، | 01:41 |
| CHANGES, EDIT پر جائیں اور RECORD آپشن منتخب کریں. | 01:43 |
| SHOW آپشن بھی منتخب ہونا چاہئے . یہ کسی بھی آئندہ ترمیم کو واضح طور ریکارڈ کرنے کے قابل ہو جائے گا. | 01:53 |

| | |
|---|---|
| 02:01 | ڈاکیومینٹ میں، دوسرا نقطہ یعنی پوائنٹ درج کریں. |
| 02:05 | ہم پوائنٹ نمبر 2 پر جائیں گے اور ٹائپ کریں گے، Linux is a virus resistant operating system since each user has a distinct data space and cannot directly access the program files. |
| 02:36 | اینٹر دبایں، جس سے موجودہ پوائنٹ 2، پوائنٹ نمبر 3 ہو جاتا ہے. |
| 02:42 | نوٹ کریں، کہ داخل کیا گیا ٹیکسٹ نئے رنگ میں آ گیا ہے. |
| 02:45 | اس ٹیکسٹ پر ماؤس گھمایں، آپ میسیج دیکھیں گے" :Inserted Sriranjani. اندراج کی تاریخ اور وقت کے ساتھ. |
| 02:55 | اس طرح ڈاکیومینٹ میں تبصرہ کرنے والے شخص کی شناخت ہوتی ہے . یہ نام کمپیوٹر پر صارف کے طور پر لبرے آفس کی تنصیب کے وقت دیئے گئے نام کی بنیاد پر فراہم کیا جاتا ہے. |
| 03:08 | پہلی لائن میں "avalable" کے ہجے درست کریں . آپ درستگی کو دیکھ سکتے ہیں. |
| 03:18 | پہلے نقطہ کو ڈلیٹ کریں "It can be installed on all computers without restriction or needing to pay license fees to vendors |
| 03:31 | نوٹ کریں، کہ منسوخی (ڈلیشن) لائن کو اصل میں ڈلیٹ نہیں کرتا، لیکن منسوخی کے لئے لائن کے طور پر نشاندہی کرتا ہے. |
| 03:39 | اس پر کرسر گھمایں اور ہم میسیج دیکھتے ہیں ":Deleted Sriranjani" , اور اسکے بعد منسوخی کی تاریخ اور وقت. |
| 03:49 | اس طرح، ڈاکیومینٹ میں موجود ٹیکسٹ کو جوڑ کر، ڈلیٹ کر کے یا تبدیلی کر کے ڈاکیومینٹ میں ترامیم کی جا سکتی ہیں. |
| 04:00 | ایک سے زیادہ اشخاص ڈاکیومینٹ میں editing کر سکتے ہیں. |
| 04:03 | لبرے آفس رائٹر ایک جائزہ لینے کے کام کو دوسرے سے الگ کر کے پڑھنے والے کی مدد کے لئے ہر editing کو مختلف رنگ میں دکھائے گا. |
| 04:13 | edit کئے ہوئے ٹیکسٹ پر ماؤس گھمانا مبصرین کا نام ظاہر کریگا. |
| 04:19 | ڈاکیومینٹ کو اوپن کر کے، میں اسکی وضاحت کرنے جا رہا ہوں، جو میرے ہم مرتبہ گروکی طرف سے پہلے سے ہی edit کیا گیا ہے. |
| 04:27 | ٹیکسٹ فائل ڈاکیومینٹ "Government-support-for-FOSS-in-India.odt" کو اوپن کریں. |
| 04:35 | اس ڈاکیومینٹ میں ہم دیکھ سکتے ہیں، کہ کئی ترامیم (ایڈیشن) اور منسوخیاں کی گئی ہیں. |

| | |
|---|---|
| اس ٹیکسٹ پر ماؤس گھما کر میسیج ملتی ہے کہ ترمیم اور منسوخی گرو کی طرف سے کی گئی ہیں. | 04:42 |
| سب سے نیچے ایک پوائنٹ شامل کریں"CDAC، NIC، NRC-FOSS are institutions of Government of India which develop and promote FOSS". | 04:52 |
| ہم دیکھ سکتے ہیں، کہ اس اندراج کا رنگ گرو کی طرف سے کیئے گئے ترمیم کے رنگ سے مختلف ہے. | 05:18 |
| اس اندراج پر ماؤس گھما کر میسیج ملتی ہے."Inserted: Sriranjani" | 05:24 |
| اس طرح، مصنف کے پاس واپس جانے سے پہلے ایک سے زیادہ اشخاص ڈاکیومینٹ تدوین کر سکتے ہیں. | 05:29 |
| اسے سیو کیئے بغیر، ڈاکیومینٹ بند کریں. | 05:34 |
| اب ہم دکھائیں گے، کہ کس طرح مصنف جائزہ لینے والوں کی طرف سے کی گئی تبدیلیوں کو قبول یا مسترد کر سکتا ہے. | 05:45 |
| اسی ڈاکیومینٹ میں،"Government-support-for-FOSS-in-India"، مانتے ہیں کہ میں مصنف ہوں اور میں گرو کی طرف سے کیئے گئے تدوین کو قبول یا رد کروں گا. | 05:50 |
| پوائنٹ 2 پر جائیں اور ڈلیٹ کیئے گئے ٹیکسٹ 'reasons' پر رائٹ کلک کریں. اور 'Accept Change' کو منتخب کریں. | 06:12 |
| آپ دیکھیں گے مبصرین نے جس تبدیلی کو تجویز کیا تھا وہ ٹیکسٹ ڈلیٹ ہو گیا ہے. | 06:22 |
| داخل کیئے گئے ٹیکسٹ 'needs' پر رائٹ کلک کریں اور 'Accept Change' کو منتخب کریں. | 06:28 |
| آپ دیکھیں گے، کہ ٹیکسٹ عام سا ہو گیا ہے، اس تبدیلی کو مبصرین نے تجویز کیا تھا. | 06:34 |
| اس طرح سے، مبصرین کی طرف سے تجویز کیئے گئے ترمیم، اندراج اور ڈلیشنس دونوں، مصنف کی طرف سے قبول کیئے جا سکتے ہیں. | 06:39 |
| پوائنٹ 1 پر جائیں اور ڈلیٹ کیئے گئے ٹیکسٹ "The OpenOffice document standard has been notified under this policy" پر رائٹ کلک کریں اور 'Reject change' کو منتخب کریں. | 06:49 |
| یہ ٹیکسٹ کو عام کرتا ہے، یعنی ڈلیٹ کے لئے جائزہ لینے کا مشورہ، مصنف کی طرف سے مسترد کیا گیا ہے. | 07:01 |
| پوائنٹ 5 پر جائیں اور"Government Schools in these states and in Orissa، Karnataka and Tamil Nadu learn Linux" پر رائٹ کلک کریں اور 'Reject change' کو منتخب کریں. یہ جائزہ لینے والے کی طرف سے داخل کیئے گئے ٹیکسٹ کو ڈلیٹ کرتا ہے. | 07:09 |
| اسی طرح، مصنف کی طرف سے ہر ایڈیشن اور ڈلیشن کو قبول یا مسترد کیا جا سکتا ہے. | 07:27 |

| | |
|---|---|
| 07:34 | آ خر میں ،تبدیلی قبول یا رد کرنے کے بعد،ہمیں EDIT >> CHANGES پر جانا چاہئے اور 'Record' اور 'Show' آپشنس کو غیر منتخب کرنا چاہئے. |
| 07:56 | جب غیر منتخب کر دیتے ہیں،تو کسی بھی دیگر editing کی الگ سے نشاندہی نہیں ہوگی. |
| 08:00 | مبصرین کی طرف سے دئے گئے تمام تبصروں کو شامل کرنے کے لئے ،تبدیلیوں کو قبول یا رد کرنے کے بعد فائل کو محفوظ کرنا یاد رکھیں . |
| 08:09 | اب ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ چکے ہیں، ایک مشق. |
| 08:16 | ایک ڈاکیومینٹ اوپن کریں اور Record Changes موڈ میں ہجوں کی غلطیوں کو بہتر کریں. |
| 08:25 | میں نے اس تفویضی کام کو یہاں پہلے ہی تی کر دیا ہے. |
| 08:31 | مندرجہ ذیل لنکس پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. یہ سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے،اگر آپ کے پاس اچھی بینڈ وڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاونلوڑ کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں. |
| 08:40 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم،سپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپس بھی چلاتی ہے. |
| 08:44 | ان کو سنَد بھی دیتے ہیں جو آن لائن ٹیسٹ پاس کرتے ہیں .. مزید معلومات کے لئے spoken hyphen contact (at) tutorial dot org پر لکھیں. |
| 08:54 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا -ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمیچ آر ڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 09:03 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہے spoken hyphen tutorial dot org slash . NMEICT hypen Intro |
| 09:14 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ۔ |